Paper Code: ①

**ESKPXI-XXVI (I)**

کُل وقت 3 گھنٹے | **اُردو لازمی (گیارہویں)** | کُل نمبرات:100

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں (الف، ب، ج)۔ سیکشن الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے دیے گئے جوابی ببلز شیٹ پر دُرست جواب والا دائرہ پُر کریں MCQs کا جوابی پرچہ مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں۔ دو بارہ لکھنے، مٹانے اور کاٹنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا ممنوع ہے۔

وقت 20 منٹ | **سیکشن (الف)** | نمبرات: 20

سوال 1۔ درجہ ذیل سوالات کیلئے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر C, B, A اور D کی صورت میں دیئے گئے ببل آنسر شیٹ پر رنگ بھریں۔

i. "اُس نے اپنا کام مکمل کر لیا" ۔ میں " لیا" قواعد کی رُو سے ہے۔

Ⓐ اصل فعل Ⓑ فعل ناقص Ⓒ امدادی فعل Ⓓ متعلق فعل

ii. "احمد اکثر قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے"۔ میں "اکثر" قواعد کر رُو سے ہے۔

Ⓐ فعل ناقص Ⓑ متعلق فعل Ⓒ اصل فعل Ⓓ امدادی فعل

iii. "چشمے کا پانی برف ہے"۔ مثال ہے۔

Ⓐ تشبیہ Ⓑ استعارہ Ⓒ مجاز مرسل Ⓓ کنایہ

iv. "کل مجھے اپنا منہ دکھانا"۔ مجاز مرسل کی صورت ہے۔

Ⓐ کل بول کر جزو مراد لینا Ⓑ جزو بول کر کل مراد لینا Ⓒ ظرف بول کر ظروف مراد لینا Ⓓ ظروف بول کر ظرف مراد لینا

v. ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بد نام — وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا — یہ شعر مثال ہے۔

Ⓐ صنعت تضاد Ⓑ صنعت حسنِ تعلیل Ⓒ صنعت تضمین Ⓓ صنعت تلمیح

vi. حسنِ یوسفؑ دیکھ کر کٹ گئی تھیں انگلیاں — لاکھوں نے جان دے دی میرے مصطفٰیؐ کے واسطے — شعر مثال ہے۔

Ⓐ صنعت لف و نشر Ⓑ صنعت تضاد Ⓒ صنعت مراعاۃ النظیر Ⓓ صنعت تضمین

vii. "شایان جلدی سو جاتا ہے"۔ جملہ ہے۔

Ⓐ محاورہ Ⓑ سلینگ Ⓒ کہاوت Ⓓ روزمرہ

viii. اُردو نثر کا ایک چھوٹا ٹکڑا جس میں مصنف اپنے زاویہ خیال سے معاشرے کی عکاسی کرتا ہے، کہلاتا ہے۔

Ⓐ ڈرامہ Ⓑ افسانہ Ⓒ خاکہ Ⓓ سوانح

ix. درج ذیل میں درست محاورے کی نشان دہی کریں۔

Ⓐ چڑیا بولنا Ⓑ مرغی بولنا Ⓒ طوطی بولنا Ⓓ کبوتر بولنا

x. وہ نظم جس میں بندہ اپنے رب سے التجا کرتا ہے اور دین و دنیا کی بھلائی مانگتا ہے، کہلاتی ہے۔

Ⓐ غزل Ⓑ مثنوی Ⓒ قصیدہ Ⓓ مناجات

xi. ایسی ادبی صنف جس میں کہانی کو کرداروں ، مکالموں اور حرکات سے پیش کیا جائے، کہلاتی ہے۔

Ⓐ داستان Ⓑ ناول Ⓒ افسانہ Ⓓ ڈرامہ

xii. مرثیہ کا اصطلاحی معنٰی ہے۔

Ⓐ محبت کا اظہار کرنا Ⓑ ہمدردی کا اظہار کرنا Ⓒ اپنی رائے کا اظہار کرنا Ⓓ موت پر غم کا اظہار کرنا

xiii. "کی بورڈ کا شیر" الفاظ کی قسم ہے۔

Ⓐ اشتقاق Ⓑ محاورہ Ⓒ سلینگ Ⓓ روزمرہ

xiv. "جُنبش" کا مترادف ہے۔

Ⓐ حرارت Ⓑ برکت Ⓒ حرکت Ⓓ جرأت

xv. مقتل یہی زمیں ہے، یہی مشہدِ امام — اُونٹوں سے بار اُتار کے برپا کرو خیام — شعر مثال ہے۔

Ⓐ مرثیہ Ⓑ حمد Ⓒ نعت Ⓓ قصیدہ

xvi. پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو — دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں — شعر میں اصطلاح استعمال ہوئی ہے۔

Ⓐ کنایہ Ⓑ مجاز مرسل Ⓒ استعارہ Ⓓ تشبیہ

xvii. "میں نے پورا غالب پڑھ لیا"۔ مثال ہے۔

Ⓐ کنایہ Ⓑ مجاز مرسل Ⓒ استعارہ Ⓓ تشبیہ

xviii. شعری اصطلاح "مصرع" سے مراد ہے۔

Ⓐ دروازے کا ایک پٹ Ⓑ دروازے کے دو پٹ Ⓒ دیوار کی ایک طرف Ⓓ دیوار کی دوسری طرف

xix. ایسی نظم جس کی ہیئت کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں، کہلاتا ہے۔

Ⓐ مثلث Ⓑ رباعی Ⓒ مخمس Ⓓ مسدس

**xx.** درج ذیل میں درست روزمرہ ہے۔

Ⓐ بھینس کے آگے چارہ ڈالو Ⓑ گئی بھینس پانی میں Ⓒ بھینس کے آگے بین بجانا Ⓓ جس کی لاٹھی اُس کی بھینس